بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سہ ماہی امتحان (1448ھ / 2026ء)

## ای مرکز

| تخصص فی الافتاء آن لائن | اصولِ فقہ | کل نمبر: 100 |
|---|---|---|

## سوال نمبر 1: (34)

### جزءالف:

1: وضع کے اعتبار سے لفظ کی چار اقسام (خاص، عام، مشترک اور مؤول) کی مختصر تعریف کریں۔

2: ظاہر" اور "نص" کی تعریف کریں اور بتائیں کہ ان دونوں میں سے کس کا معنی زیادہ واضح ہوتا ہے؟

### جزءب:

1: "عبارۃ النص" اور "اشارۃ النص" کی تعریف مع مثال تحریر کریں۔

2: "حقیقتِ متعذرہ" اور "حقیقتِ مہجورہ" کا فرق واضح کرنے کے لیے ایک ایک مثال دیں؟

## سوال نمبر 2: (33)

### جزءالف:

1: مفسر" اور" محکم" میں بنیادی فرق واضح کرنے کے بعد ان کا شرعی حکم لکھیں؟

2: حدیثِ قولی، حدیثِ فعلی اور حدیثِ تقریری کی مختصر تعریف مع مثال لکھیں۔

### جزءب:

1: جمہور محدثین رحمہم اللہ کی اصطلاح میں لفظ "حدیث" کا اطلاق کن کن حضرات کے اقوال و افعال پر ہوتا

ہے؟ وضاحت کریں۔

2: صیغہ "امر" وجوب کے علاوہ جن معانی میں استعمال ہوتا ہے ان میں سے کوئی سے تین معانی مثالوں کے ساتھ لکھیں۔

## سوال نمبر 3: (33)

### جزء الف:

1: "انقطاعِ ظاہر" کی چاروں اقسام (ارسال کی صورتیں) کے صرف نام تحریر کریں۔

2: سنتِ عبادت" اور "سنتِ عادت" کی تعریف کرنے کے بعد ان میں موجود فرق کو مثال سے واضح کریں۔

### جزء ب:

حدیث اور سنت میں کوئی فرق ہے یا نہیں؟ اس پر ایک جامع نوٹ لکھیں جو کم از کم 10 سے 15 سطروں پر مشتمل ہو۔

**نوٹ:** کل تین سوالات ہیں اور ہر سوال کے دو دو جزء ہیں۔ ان تینوں سوالات کا ایک ایک جزء حل کرنا لازمی ہے۔